خادم حسین

"زبان میری ہے بات اُن کی"

——— لوک ورثہ کے ڈائریکٹر جنرل احمد فراز کو معطل کر دیا ۔ (ایک خبر)

جن کے دلوں میں دینِ پیمبر سے ہے عناد ۞ اُن کے سروں پہ ضربِ کلیمانہ چاہیئے !

——— اساتذہ طالب علموں کو اچھے شہری بنانے کی اجتماعی کوشش کریں ۔ (وزیرِ تعلیم پنجاب)

لارڈ میکالے کے نظامِ تعلیم میں سرِعام گولیاں چلانے والے اور بہنوں پہ آوئے اُوتے کی آوازیں کسنے والے مہذب اور تعلیم یافتہ بدمعاش ہی پیدا ہوں گے ۔

——— اغوا کے الزام میں پھانسی ، زمانۂ جہالت کی یاد تازہ کر دے گی ۔ (بے نظیر)

"اگر ڈاکو کو پھانسی لگے گی تو انہیں پناہ دینے والوں کو پھانسی تو ضرور لگے گی ۔"

——— مسلم خواتین پورے "حجاب" کے ساتھ شطرنج چمپئن شپ میں حصہ لیں گی ۔ (ایک خبر)

مے خانے میں شراب بھی پیئو مسجد میں چندہ بھی دو !

شیطان بھی خوش رہے اللہ بھی ناراض نہ ہو

——— کے ای کالج لاہور کے ایم بی بی ایس فائنل میں حصہ لینے والے پروفیسروں کے بیٹوں اور بیٹیوں کی تعداد ۲۳ ہے جن میں سے کوئی بھی فیل نہیں ہوا ۔ پہلی تین پوزیشنیں بھی ان کی ھیں ۔ (ایک خبر)

تعلیم ایک سیکنڈل ! تعلیم یافتہ سراپا کرپشن

ذھانت اِن کے گھر کی ہے ۔ سفارش اِن کے گھر کی ہے ۔ انہیں کچھ نہ کہو ۔

——— شریعت بل منظور نہ کیا گیا تو وزارت چھوڑ دوں گا ۔ (مولانا عبدالستار خان نیازی)

یقین آیا ! بابا ! آپ کی شادی نہ کرنے کی قسم ابھی تک قائم ہے ۔

——— میرے والد نے " اِدھر ہم اُدھر تم " کے الفاظ کبھی استعمال نہیں کئے ۔ (بے نظیر)

"ذوالفقار" بندۂ چالاک ، کج نگاہ ۞ بیٹی سیاست میں جھوٹوں کی بادشاہ !

—— ساڑھے بارہ سو روپے ماہوار تنخواہ لینے والا ۹ افراد پر مشتمل خاندان کی کفالت کیسے کرے ؟

(ٹی۔وی پروگرام " میں اور آپ ")

" آٹا مہنگا ہویا تے کی ہویا ؟ | لوکو! شور مچاون دا حق کوئی نئیں
تے میرے ملک وچ کسے غریب نوں وی | چینی چاہ وچ پاون دا حق کوئی نئیں

—— ہر برسرِ اقتدار خاتون کے پیچھے کوئی طاقتور مرد ہوتا ہے۔ (امریکی جریدے "ٹائم" کا تجزیہ)

مگر مشرق والوں کا کہنا ہے۔" ہر جہانگیر کے کاندھوں پر کسی نور جہاں کا ہاتھ ہوتا ہے۔" اور " ہر یحییٰ خان کے پیچھے کوئی جنرل رانی ضرور ہوتی ہے۔"

—— قرآن و سنت کی بالادستی چاہتے ہیں لیکن آئینی حقوق اور مذہبی آزادی پر پابندی قبول نہیں —— (ساجد نقوی)

"صدرِ ایران نے عورتوں کو ۳ ماہ کے لئے عارضی شادی کی اجازت دے دی۔" —— تو یہ ہیں آپ کے آئینی حقوق اور یہ ہے آپ کی مذہبی آزادی —— ؟

—— افسر نے گاؤں سے آنے والے اپنے بوڑھے باپ کے بارے میں ملازم سے کہا ۔" یہ میرے گاؤں کا آدمی ہے ۔اس کا خیال رکھنا ۔" (ایک المیہ)

شہر میں آکر پڑھنے والے بھول گئے کس کی ماں نے کتنا زیور بیچا تھا۔ ؟

—— ہر دیانتدار آدمی زندگی کو خوبصورت دیکھنا چاہتا ہے ۔ (اصغر ندیم سید)

اور آپ کی "خواہش" میں ہرشکھیا، زلیا، خوشی محمد لبنیٰ، روزی، رانی اور چھپ چھپ کر لڑکی سے ملنے والا آوارہ لڑکا، دیانت دار آدمی ہے۔ کیوں اپنی اندر کی غلاظت کے چھینٹے لوگوں پر پھینکتے پھرتے ہو۔ ؟

—— " تھوڑی سی پیتا ہوں، جھوٹ نہیں بولوں گا، خدا بخشش کرنے والا ہے، ڈاکٹر کی ہدایت پر پیتا ہوں۔ بیان کی تردید نہیں کروں گا۔" (جام صادق علی)

دُرّے حرام خور کو ایسے رسید کر ! | جو اس شراب زادے کا حلیہ بگاڑ دیں

—— میرے دور میں کوئی وزیر ایسی جرأت کرتا تو اسی دن برطرف کر دیتی۔

(جام صادق کے بیان پر بے نظیر بھٹو کا تبصرہ)

محترمہ! آپ کے مرکزی وزیر" کتی باز" کو کون نہیں جانتا ؟ اور پھر آپ کے ڈیڈی نے بھی تو یہی الفاظ کہے تھے